Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

ZIYARAT · ASKARIYYAIN

Muhammad s/o I.Taqi (a)

قبرِ سید محمد ابن امام نقی (ع)

Sayyid Muhammad the son of Imam Ali al-Hadi has a famous shrine near a village called Balad. This sayyid is well-known for virtue and sublimity as well as extraordinary, miraculous signs. All people always have the honor of visiting his shrine, making vows, presenting numerous contributions, and asking their needs to be granted by Almighty Allah. The Arab dwellers of that village venerate and hold him in the highest regard.

امام علی نقیؑ کے فرزند سید محمد کا مزار بغداد و سامرہ کے درمیان مقامِ بلد میں ہے جو آج کل انہی کی نسبت سے سید محمد کے نام سے مشہور ہے آپ بڑے صاحبِ کرامات بزرگ ہیں اور ان کی جلالت و کرامت کا ذکر ہر خاص و عام کی زبان پر ہے۔ اکثر لوگ آپ کی زیارت کو آتے ہیں اور وہاں بہت زیادہ نذرانے پیش کرتے اور چڑھاوے دیتے ہیں پھر آپ کو اپنا وسیلہ بنا کر خدائے تعالیٰ سے اپنی حاجات طلب کرتے ہیں۔

It is said that miraculous matters, which are too many to be mentioned in this book, were seen from that shrine. A sufficient virtue and honor of this sayyid is that he was qualified for Imamate and he was the eldest son of Imam al-Hadi (a). Imam al-Hasan al-Askari (a), expressing sadness for the departure of this sayyid, tore his shirt.

ان کی عظمت و جلالت کا یہ عالم ہے کہ اسی علاقے میں رہنے والے عرب ان سے خوف کھاتے ہیں اور آپ کے صحن مبارک میں بطور ہدیہ پیش کردہ چیزوں میں سے کوئی چیز اٹھا کر لے جانے کی جرأت نہیں کرتے۔ بہر حال ان کی بہت زیادہ کرامات ہیں لیکن یہ ان کے بیان کرنے کا مقام نہیں ہے۔ سید محمد، امام علی نقیؑ کے بڑے بیٹے اور امامت و ولایت کی صلاحیت رکھتے تھے، ان کی جلالت اور قدرو منزلت کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ ان کی وفات پر امام حسن عسکریؑ ایسے معصوم بزرگوار نے اپنا گریبان چاک کیا۔

Free to read, copy and share

Our mentor, the trusty Shaykh al-Nuri, may Allah illumine his grave, had full faith in the pilgrimage to the shrine of Sayyid Muhammad; he therefore had many attempts to build up his shrine, writing down the following inscription on the holy tomb: “This is the tomb of the sublime Sayyid Abu-Ja’far Muhammad the son of Imam Abul-Hasan ‘Ali al-Hadi, peace be upon him, a person of a great esteem and sublime regard.”

ہمارے استاد ثقہ الاسلام نوریؒ، (خدا ان کی قبر کو منور کرے) جناب سید محمد کی زیارت کے معتقد تھے آپ ہی نے ان کی ضریح اور اس سے متصل مسجد کی تعمیر کے سلسلے میں سعی و کوشش فرمائی، آپ نے ان کی ضریح مبارک پر جو کتبہ لگایا اس کی عبارت یہ ہے یہ قبر ہے سید و سردار ابو جعفر محمد ابن امام ابوالحسن علی نقی ہادیؑ کی جو بڑی شان و عزّت رکھتے ہیں۔

His contemporary Shi’ah used to claim that Sayyid Muhammad would be the next Imam after his father, but when Sayyid Muhammad passed away, his father named his brother Abu-Muhammad al-Zaki (al-’Askari) as the next Imam. Commenting on this nomination, the Imam (a) said to his son, “Renew thanks for Almighty Allah, because He has decided a new decree about you.”

شیعہ یہ گمان کرتے تھے کہ وہ اپنے والد کے بعد امام ہوں گے پھر جب وہ فوت ہوگئے تو ان کے والد نے ان کے بھائی ابو محمد کی امامت کا اعلان کیا اور ان سے کہا: خدا کا شکر کرو خدا نے تمہارے لئے حکم جاری کیا۔

Sayyid Muhammad’s father left him in al-Madinah as a child, but the son joined his father in Samarra’ while he was ailing. When he tried to return to Hijaz, his ailment intensified, causing him to die in that village of Balad, about 40 kilometers away from Samarra’. When he died, Imam al-’Askari (a) tore his shirt as expression of deep sadness. When he was blamed for that, the Imam (a) said, “Prophet Moses tore his shirt when his brother, Prophet Aaron, died.” Sayyid Muhammad passed away in approximately AH 252.

والد نے انہیں بچپنے میں مدینہ میں چھوڑا وہ جوان ہوئے تو ان کے پاس سامرہ آئے وہ حجاز واپس جا رہے تھے جب نو فرسخ چل کر بلد پہنچے تو بیمار ہوئے اور وفات پاگئے ان کی قبر اسی جگہ ہے آپ کی وفات پر امام حسن عسکریؑ نے گریبان چاک کیا تب بعض لوگوں کے جواب میں فرمایا: موسیٰؑ نے اپنے بھائی ہارونؑ کی وفات پر گریبان چاک کیا تھا سید محمد نے دو سو باون ہجری میں وفات پائی۔

Printed from https://fzic.org/library/ziyarat/muhammad-s-o-i-taqi-a-3232 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.